فوری ریلیز کے لیے: 15/9/2022 **گورنر KATHY HOCHUL**

***گورنر HOCHUL نے MTA کے پورے سسٹم پر مسافروں کے ریکارڈ کا اعلان کر دیا***

***بدھ 14 ستمبر کو نیویارک کے 5.6 ملین شہریوں نے سب ویز، بسوں، سفری ریل روڈز اور پیراٹرانزٹ کے ذریعے سفر کیا***

***سب ویز پر بدھ کے دن نیویارک کے 3.7 ملین شہریوں نے سفر کیا، جو 2020 کی شروعات سے سب سے زیادہ تعداد ہے، جبکہ اس سے گزشتہ ہفتے قائم شدہ ریکارڈ بھی ٹوٹا***

***بسوں نے 2022 کا سفری ریکارڈ قائم کیا جس کی منگل کو ابتدائی گنتی 1.5 ملین مسافروں سے زائد رہی***

***میٹرو-نارتھ ریل روڈ نے مسلسل دوسرے دن سفری ریکارڈ قائم کیا جب 181,600 مسافروں نے اس پر سفر کیا؛ LIRR نے 2022 کے دوسرے بلند ترین سفری دن کا ریکارڈ قائم کیا***

***ریکارڈ اسی ہفتے آتے ہیں جب OMNY نصف بلین ٹیپس تک پہنچ جاتا ہے***

***آج کی نیوز کانفرنس کی تصاویر [یہاں] دیکھیں***

***آج کی نیوز کانفرنس [یہاں] دیکھیں***

گورنر Kathy Hochul نے آج اعلان کیا کہ میٹروپولیٹن ٹرانسپورٹیشن اتھارٹی نے بدھ 14 ستمبر کو پورے سسٹم پر محیط سفری ریکارڈ قائم کیا جب 5.6 ملین سے زائد مسافروں نے اس کے ذریعے سفر کیا۔ بدھ کے دن سب وے اور بسوں کے ذریعے 5.2 ملین مسافروں نے سفر کیا، جس سے دونوں کے ریکارڈ قائم ہوئے۔ سب وے کے مسافروں کی تعداد 8 ستمبر کو قائم شدہ سابقہ ریکارڈ سے بڑھ گئی جب بدھ کے دن 3,734,742 نے سفر کیا جو 2021 کے اسی دن کے مقابلے میں 28.5 فیصد اضافہ ہے۔ سب وے کے مسافروں کی تعداد 1.5 ملین کے نشان تک پہنچ گئی جس کا ابتدائی میزان 1,523,000 مسافر رہا، جس میں امید کی جا رہی ہے کہ مسافروں کی گنتی مکمل ہونے کے بعد تقریباً 15 فیصد اضافہ ہو جائے گا۔

"ہمارے مسافروں کی ریکارڈ تعداد تازہ ترین نشانی ہے کہ نیویارک کی بحالی واپس اپنی راہ پر آ چکی ہے، اور ہم ایک بہتر اور مضبوط تر نیویارک کی تعمیر کے لئے بھرپور کوششیں جاری رکھیں گی،" **گورنر Hochul نے کہا۔** "مسافر سوائپ کرکے اور ٹیپ کرکے نیویارک کی معاشی بحالی کے سفر کو جاری و ساری رکھ رہے ہیں، جبکہ اس جدوجہد کی رفتار قائم رکھنا ہمارا عزم صمیم ہے۔"

سفری ریل روڈز نے مسفروں میں اضافے کا رجحان برقرار رکھا۔ میٹرو-نارتھ ریل روڈ نے مسلسل دوسرے دن سفری ریکارڈ قائم کیا جب بدھ کے دن 181,600 مسافروں نے اس پر سفر کیا، جو کم از کم مارچ 2020 کے بعد بلند ترین تعداد ہے۔ لانگ آئلینڈ ریل روڈ پر مارچ 2020 کے بعد کسی کاروباری دن میں دوسری بار 200,000 سے

زائد مسافروں کو سہولیات دیں جب بدھ کے دن 202,700 مسافروں نے اس کے ذریعے سفر کیا۔ یہ ابتدائی میزان اس ریکارڈ کے بعد دوسرے نمبر پر ہے جو LIRR نے گزشتہ ہفتے 7 ستمبر کو قائم کیا تھا۔

Access-A-Ride نے بھی بدھ کو 28,000 شیڈول کردہ سفروں کا سنگ میل عبور کیا، جو مارچ 2020 میں COVID-19 وبا کے پھیلاؤ کے بعد بلند ترین تعداد ہے۔ گزشتہ ہفتے اسکولوں کے کھلنے کے بعد سے Access-A-Ride کے سفروں کی تعداد وبا سے پہلے کی سطح کا اوسطاً 86 فیصد ہے۔

**MTA کے چیئر اور CEO جانو لائبر نے کہا،** "میں نے تقریباً اپنے پورے کیریئر کے دوران لوگوں سے نیویارک کی رحلت کا نوحہ سنا ہے، اور میں آپ کو بتا دینا چاہتا ہوں کہ MTA انہیں غلط ثابت کر دکھائے گا۔ سفر کرنے والوں کی یہ تعداد ہماری تازہ ترین پیشگوئیوں سے بھی کچھ زیادہ ہے اور اس سے ظاہر ہوتا ہے کہ ماس ٹرانزٹ درست سمت میں ترقی کر رہی ہے، اور ہم رکنے والے نہیں ہیں۔ گو گھر سے کام کرنے کا سلسلہ یقیناً کچھ حد تک جاری رہے گا، تاہم سفر کرنے والی کی تعداد میں جو اضافہ ہمیں نظر آ رہا ہے اس سے ظاہر ہوتا ہے کہ دفتروں میں واپسی ایک بامعنی رجحان ہے۔"

**NYC Transit کے صدر رچرڈ ڈیوے نے کہا،** "میں نے تقریباً اپنے پورے کیریئر کے دوران لوگوں سے نیویارک کی رحلت کا نوحہ سنا ہے، اور میں آپ کو بتا دینا چاہتا ہوں کہ MTA انہیں غلط ثابت کر دکھائے گا۔ ایک بات جو میں نے اپنے دور کی شروعات ہی میں جان لی تھی وہ یہ ہے کہ نیویارک کے باسی شہر کے اندر سفر کرنے کے تیز ترین، محفوظ ترین، اور آسان ترین طریقے کو خوب سمجھتے ہیں۔ جو بھی شخص اس سسٹم کا حصہ رہا ہے وہ محسوس کر رہا ہے کہ نیویارک کی وہ ہلچل اور ریل پیل جس کے لئے یہ مشہور ہے اب واپس آ رہی ہے۔ اب جبکہ موسم خزاں کی آمد آمد ہے، NYC Transit اپنے صارفین کی خدمت میں لگی رہے گی اور انہیں اسکول، دفتر، اور جلد ہی پلے آف باسکٹ بال گیمز تک پہنچاتی رہے گی۔"

**میٹرو-نارتھ ریل روڈ کی صدر اور LIRR کی عبوری صدر کیتھرین رینالڈی نے کہا،** "اپنے صارفین کو اتنی بڑی تعداد میں واپس لوٹتے دیکھ کر بہت اچھا لگ رہا ہے، کیونکہ اس سے علاقے میں سفر و سیاحت کے لئے ریل روڈ کی کشش کا اظہار ہوتا ہے۔ مسافروں کی تعداد میں یہ اضافہ ایک بہت اچھے وقت میں ہوا ہے۔ نئی TrainTime ایپ 295,000 مرتبہ ڈاؤن لوڈ ہو چکی ہے، اس کے 1.2 صارفین ہیں جبکہ اس ایپ کے لانچ ہونے کے بعد اس کے ذریعے 1.75 ٹکٹ خریدے جا چکے ہیں۔ اب جبکہ موسم خزاں اور چھٹیوں کا سیزن آنے ہی والا ہے، ہم اپنے مزید مہربان صارفین کو ریل روڈز میں خوش آمدید کہنے کے منتظر ہیں۔"

مسافروں کی تعداد کے یہ ریکارڈز ایک ایسے وقت میں قائم ہوئے ہیں جب اتھارٹی کے کانٹیکٹ-لیس کرایہ ادائیگی سسٹمب OMNY نے ایک اہم سنگ میل عبور کرنے کا جشن منایا۔ OMNY کا 500 ملین واں ٹیپ 15 ستمبر کو سہ پہر 3:00 بجے گرینڈ سینٹرل سب وے سٹیشن پر 4-5-6 لائن میں کیا گیا جب ڈیبی نامی ایک مسافر مڈ ٹاؤن مین ہٹن میں ایک دفتری میٹنگ سے بروکلین میں واقع اپنے گھر واپس لوٹ رہی تھیں اور انہوں نے ایک ٹرن-سٹائل پر اپنے فون پر ٹیپ کیا تھا۔ MTA کارکنان نے انہیں پرجوش انداز میں مبارکباد دی کہ وہ OMNY کے ذریعے ادائیگی کرنے والی نصف بلین ویں فرد بن چکی ہیں۔ اس کے چند منٹ بعد ہی ایک تقریب میں انہیں یہ سنگ میل عبور کرنے کی خوشی میں 100$ والے پری-لوڈڈ OMNY کارڈ اور OMNY برانڈ کے ملبوسات پیش کیے گئے۔

**MTA کی قائم مقام چیف کسٹمر آفیسر شنیفاہ ریارا نے کہا،** "یہ سنگ میل اس امر کا اظہار کر رہا ہے جو ٹرانزٹ صارفین پہلے ہی جانتے ہیں - OMNY نیویارک سٹی ٹرانزٹ کے ذریعے سفر کرنے کا بہترین، تیز ترین، اور آسان ترین طریقہ ہے۔ OMNY روزانہ سینکڑوں ہزاروں صارفین کے لئے سب ویز اور بسوں پر ادائیگی کرنے کا ترجیحی طریقہ بنتا جا رہا ہے۔ اب جبکہ ہم OMNY کو پورے MTA سسٹم پر رول آؤٹ کرنے کا عمل جاری رکھے ہوئے ہیں، تو ہم منتظر ہیں کہ مزید صارفین شہر میں آنے جانے کے لئے 'ٹیپ' کرنے کا طریقہ اپنائیں گے۔"

**سب وے مسافر ڈیبی جنہوں نے 500 ملین واں ٹیپ ریکارڈ کیا تھا نے کہا،** "میں ہت خوش اور شکر گزار ہوں کہ سب وے استعمال کرکے دفتر جاتی اور بحفاظت گھر واپس آ سکتی ہوں۔ اور OMNY استعمال کرنے کی آسانی پر بھی بہت خوش ہوں۔"

OMNY، یا ون میٹرو نیویارک، کی عوام کے لئے ابتدا 2019 میں بطور پائلٹ پراجیکٹ 19 سب وے سٹیشنوں اور سٹیٹن آئلینڈ کی بسوں پر ہوئی تھی۔ کانٹیکٹ-لیس سسٹم رول آؤٹ کرنے کا عمل دسمبر 2020 میں مکمل ہوا جب تمام 472 سب وے سٹیشنز اور MTA کا 5,800 بسوں پر مشتمل پورا بس فلیٹ اب OMNY کے تقریباً 15,000 ریڈرز سے لیس ہو چکا ہے۔

اتھارٹی نے سب ویز اور بسوں پر OMNY فیئر-کیپنگ پائلٹ اس سال کی شروعات میں لانچ کیا۔ فیئر-کیپنگ پائلٹ میں ایک "لکی 13" فیچر شامل ہے جس میں، ہر ہفتے کے 13 ویں سفر سے شروع ہو کر، اس ہفتے کے باقی دنوں کے دوران سب ویز یا بسوں پر ہر اضافی سفر مفت میں ہوتا ہے۔

کمیوٹر ریل پر LIRR اور Metro-North دونوں ہی مفت رعایتی پیکجز پیش کرتے رہتے ہیں، جبکہ حال ہی میں TrainTime ایپ بھی رول آؤٹ کی گئی ہے۔ TrainTime نے ٹکٹوں کی خریداری کو ٹرین کی ریئل ٹائم ٹریکنگ اور گنجائش ٹریکنگ کے ساتھ ضم کیا جسے صارفین کی جانب سے بہت سراہا گیا ہے۔ لانچ کیے جانے کے بعد سے اب تک TrainTime کے 295,000 نئے ڈاؤن لوڈز ہو چکے ہیں، اس کے 1.2 ملین صارفین ہیں اور 1.75 ملین ٹکٹ خریدے جا چکے ہیں۔

###


اضافی خبر یہاں ملاحظہ کی جا سکتی ہے www.governor.ny.gov

ریاست نیو یارک | ایگزیکٹیو چیمبر | press.office@exec.ny.gov | 518.474.8418